روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 20 مارچ 2008ء 11 ربیع الاول 1429 ہجری 20 امان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 65

سورۃ فاتحہ بطور شفاء

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ صحابہ کا ایک قافلہ سفر میں تھا۔ راستہ میں ایک جگہ قیام کیا۔ وہاں قبیلہ کے سردار کو سانپ نے ڈس لیا۔ ایک صحابی نے سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کیا تو وہ شفایاب ہوگیا۔ اور انعام دیا۔ صحابہ نے یہ واقعہ رسول اللہ ﷺ کو بتایا تو آپ نے فرمایا تمہیں کس نے بتایا کہ سورۃ فاتحہ میں دم اور شفا بھی ہے۔

(صحیح بخاری کتاب فضائل القرآن۔ فضل سورۃ الفاتحہ حدیث نمبر 4623)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

سورۃ فاتحہ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے پیش کی ہے اور اس میں سب سے پہلی صفت رَبُّ الْعَالَمِیْنَ بیان کی ہے۔ جس میں تمام مخلوقات شامل ہے۔ اسی طرح پر ایک مومن کی ہمدردی کا میدان سب سے پہلے اتنا وسیع ہونا چاہئے کہ تمام چرند پرند اور کل مخلوق اس میں آجاوے۔ پھر دوسری صفت رحمٰن کی بیان کی ہے۔ جس سے یہ سبق ملتا ہے کہ تمام جاندار مخلوق سے ہمدردی خصوصاً کرنی چاہئے۔ اور پھر رحیم میں اپنی نوع سے ہمدردی کا سبق ہے۔ غرض اس سورۃ فاتحہ میں جو اللہ تعالیٰ کی صفات بیان کی گئی ہیں۔ یہ گویا خدا تعالیٰ کے اخلاق ہیں جن سے بندہ کو حصہ لینا چاہئے۔ اور وہ یہی ہے کہ اگر ایک شخص عمدہ حالت میں ہے تو اس کو اپنی نوع کے ساتھ ہر قسم کی ممکن ہمدردی سے پیش آنا چاہئے۔ اگر دوسرا شخص جو اس کا رشتہ دار ہے یا عزیز ہے۔ خواہ کوئی ہے اس سے بیزاری نہ ظاہر کی جاوے اور اجنبی کی طرح اس سے پیش نہ آئیں بلکہ ان حقوق کی پرواکریں جو اس کے تم پر ہیں۔ اس کو ایک شخص کے ساتھ قرابت ہے۔ اور اس کا کوئی حق ہے تو اس کو پورا کرنا چاہئے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں تک اپنے اخلاق دکھائے ہیں کہ بعض وقت ایک بیٹے کے لحاظ سے جو سچا مسلمان ہے منافق کا جنازہ پڑھ دیا ہے بلکہ اپنا مبارک کرتہ بھی دے دیا ہے۔ اخلاق کا درست کرنا بڑا مشکل کام ہے۔ جب تک انسان اپنا مطالعہ نہ کرتا رہے۔ یہ اصلاح نہیں ہوتی۔ زبان کی بداخلاقیاں دشمنی ڈال دیتی ہیں۔ اس لئے اپنی زبان کو ہمیشہ قابو میں رکھنا چاہئے۔ دیکھو کوئی شخص ایسے شخص کے ساتھ دشمنی نہیں کرسکتا جس کو وہ اپنا خیر خواہ سمجھتا ہے۔ پھر وہ شخص کیسا بیوقوف ہے جو اپنے نفس پر بھی رحم نہیں کرتا اور اپنی جان کو خطرہ میں ڈال دیتا ہے جبکہ وہ اپنے قویٰ سے عمدہ کام نہیں لیتا اور اخلاقی قوتوں کی تربیت نہیں کرتا۔ ہر شخص کے ساتھ نرمی اور خوش اخلاقی سے پیش آنا چاہیے؛ البتہ وہ شخص جو سلسلہ عالیہ (۔) سے علانیہ باہر ہوگیا ہے اور وہ گالیاں نکالتا اور خطرناک دشمنی کرتا ہے۔ اس کا معاملہ اور ہے۔ جیسے صحابہ کو مشکلات پیش آئے اور اسلام کی توہین انہوں نے اپنے بعض رشتہ داروں سے سنی۔ تو پھر باوجود تعلقات شدیدہ کے ان کو اسلام مقدم کرنا پڑا۔ اور ایسے واقعات پیش آئے۔ جن میں باپ نے بیٹے کو یا بیٹے نے باپ کو قتل کردیا۔ اس لئے ضروری ہے کہ مراتب کا لحاظ رکھا جاوے۔

گر حفظِ مراتب نکنی زندیقی

(ملفوظات جلد دوم ص 262)

ماہر امراض معدہ وجگر کی آمد

مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ وجگر مورخہ 30 مارچ 2008ء کو ایڈمنسٹریشن بلاک فضل عمر ہسپتال ربوہ میں 10 بجے صبح مریضوں کے معائنہ کے لئے تشریف لائیں گے۔ ضرورت مند احباب وخواتین استفادہ کے لئے پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔ چونکہ پرچیوں کی تعداد محدود ہے اس لئے اپنی اولین فرصت میں اپنی پرچی حاصل کرلیں۔ مزید معلومات کے لئے استقبالیہ سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال۔ ربوہ)

محترمہ انور غالب صاحبہ وفات پاگئیں

احباب جماعت کو یہ افسوسناک اطلاع دی جاتی ہے کہ محترمہ انور غالب صاحبہ اہلیہ محترم راجہ غالب احمد صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ لاہور، سابق چیئرمین پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ مورخہ 14 مارچ 2008ء کو بعمر 80 سال حرکت قلب بند ہوجانے کی وجہ سے وفات پاگئیں۔ مرحومہ نے گورنمنٹ کالج لاہور سے نفسیات میں ماسٹر ڈگری حاصل کی ہوئی تھی۔ علم وادب کے میدان میں اپنے مخصوص طرز تحریر کے باعث قدر کی نگاہ سے دیکھی جاتی تھیں۔

آپ کی نماز جنازہ دارالذکر لاہور میں 14 مارچ کو بعد نماز جمعہ محترم چوہدری حمید نصراللہ خان صاحب امیر جماعت احمدیہ ضلع لاہور نے پڑھائی۔ آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں۔ آپ کا جنازہ ربوہ لایا گیا۔ بیت مبارک میں اسی دن آپ کی نماز جنازہ نماز مغرب وعشاء کے بعد محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے ہی دعا کروائی۔ مرحومہ نے 1972ء میں اپنے ذاتی مطالعہ اور تحقیق سے احمدیت قبول کی تھی۔ بعدازاں خلافت اور جماعت احمدیہ سے روحانی تعلق دن بدن بڑھتا رہا اور آپ اخلاص ووفا میں ترقی کرتی چلی گئیں۔ 1953ء میں آپ کی شادی حضرت خلیفۃ

(باقی صفحہ 12 پر)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 475)

آسمانی بادشاہت کا شاہی

دروازہ درود شریف

فقیہہ امت حضرت عبداللہ بن عباس (ولادت 619ء۔وفات اکتوبر 687ء) سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے مجھ پر درود بھیجنا چھوڑا اس نے جنت کی راہ ترک کردی۔

اسی طرح آنحضرت ؐ کے خادم خاص حضرت انس بن مالک سے مروی ہے کہ جو شخص ایک دن میں ہزار بار مجھ پر درود بھیجے گا **وہ اسی زندگی میں جنت کے اندر اپنا مقام دیکھ لے گا۔** (ابن ماجہ)

حضرت بانی سلسلہ کے قدیم رفیق حضرت شیخ کرم الٰہی صاحب پٹیالوی کا بیان ہے کہ

حضرت مسیح موعود کے زمانہ مبارک میں ایک دفعہ جب میں قادیان سے واپس آنے کے لئے تیار ہوا۔تو میں نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی خدمت میں عرض کیا کہ مجھے کوئی وظیفہ بتایا جائے آپ نے فرمایا کہ حضرت صاحب اکثر درود شریف اور استغفار کثرت سے پڑھنے کا ہی ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔ہم اس سے زیادہ اور کیا بتا سکتے ہیں پس درود شریف کا جس قدر ممکن ہو ورد رکھو اور چلتے پھرتے استغفار پڑھا کرو۔ چنانچہ حسب توفیق میں اس پر کاربند رہا۔

اس کے بعد جب میں پھر قادیان آیا اور چند روز رہ کر واپسی کے وقت حضرت ممدوح کی خدمت میں حاضر ہوا۔تو میں نے عرض کیا کہ میں حسب الارشاد درود شریف پڑھتا رہا ہوں مگر کوئی خاص تاثیر یا برکت کے آثار نمایاں نہیں ہوئے۔فرمایا درود شریف ایک دعا ہے اور تم کو اپنی بعض پیش آمدہ مشکلات کے لئے بھی دعائیں کرنے کا موقع ملتا ہوگا پس جس رجوع درد اور تڑپ کے ساتھ تم اپنے مطالب کے لئے دعائیں کرتے ہو۔کیا وہ تڑپ بھی درود شریف بھی پیدا ہوئی ہے یا نہیں۔ اگر نہیں ہوئی تو پھر عدم ظہور تاثیر کی شکایت درست نہیں۔ آپ درد دل کے ساتھ آنحضرت ﷺ پر درود بھیجا کریں۔تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور نمایاں طور پر آثار برکت مشہود ہوں گے۔‘‘

پھر فرماتے ہیں:۔

ایک دفعہ حضرت مسیح موعود بیت مبارک میں مع خدام کھانا کھا رہے تھے اور میں دستر خوان پر حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے پاس بیٹھا تھا۔حضرت مولوی صاحب ممدوح نے آہستہ سے مجھ سے پوچھا کہ نماز مغرب کے بعد کتنا وقت گزار ہوگا میں نے کہا قریباً ایک گھنٹہ آپ نے فرمایا کہ جب ہم کسی شخص کو درود شریف یا استغفار کے لئے کہتے ہیں تو اکثر لوگ عدیم الفرصتی اور وقت کی کمی کا عذر کر دیتے ہیں مگر یہ عذر درست نہیں۔**دیکھو ہم حضرت صاحب کی باتیں بھی توجہ سے سنتے رہے ہیں اور اس ایک گھنٹہ کے قریب وقت میں ہم نے پانچ سو مرتبہ درود شریف بھی پڑھا ہے...........** **میں نے اس زریں اصول کی پابندی سے بفضلہٖ تعالیٰ بہت فائدہ اٹھایا ہے** اور اگر غفلت یا شامت اعمال حائل نہ ہو تو اس طرح سے انسان تضیع اوقات سے بہت حد تک بچ سکتا ہے۔وباللہ التوفیق‘‘

(مکتوب بنام حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب حلالپوری منقولہ درود شریف 298-299 سال اشاعت 1934ء)

فضائل درود اور خدا تعالیٰ کی بے نیازی کا تذکرہ

حضرت شیخ کرم الٰہی صاحب پٹیالوی ایک اور مکتوب میں رقمطراز ہیں:۔

ایک دفعہ ہم دس بارہ آدمی پٹیالیہ سے یہ معلوم کرکے کہ آجکل حضرت مسیح موعود انبالہ چھاؤنی میں تشریف فرما ہیں۔صرف زیارت کی غرض سے وہاں گئے۔ یہ وہ وقت تھا جب کہ حضرت میر ناصر نواب صاحب (والد ماجد حضرت اماں جان) ہنوز بسلسلہ ملازمت انبالہ چھاؤنی میں رہتے تھے۔جو زمانہ شیر خوارگی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی تھا۔ جب ہم لوگ حضور کی خدمت میں بنگلہ ناگ پھنی میں جو حضور نے کرایہ پر لیا ہوا تھا حاضر ہوئے۔تو حضور نے اطلاع پاتے ہی شرف باریابی بخشا اور قریب ایک گھنٹہ کے ہم خدمت میں حاضر رہے۔ اس جلسہ میں ہمارے ہمراہیوں میں سے ایک صاحب نے عرض کیا کہ مجھ کو ایک درویش ایک خاص درود بتا گئے ہیں جس کی تاثیر اس درویش نے یہ بتائی تھی کہ جو مشکل پیش آئے۔اس درود شریف کو پڑھ لیا کرو۔وہ مشکل حل ہو جائے گی اور کہا کہ میرا تجربہ ہے کہ جب کوئی مشکل کا وقت آیا تو جہاں میں نے اس درود شریف کا ورد کیا۔وہ مشکل فوراً حل ہوگئی۔حضور کی اس بارہ میں کیا رائے ہے۔حضور نے فرمایا کہ:۔

’’درود شریف کے جس قدر بھی فضائل بیان کئے جائیں کم ہیں۔میں خود اس کا صاحب تجربہ ہوں۔مجھ پر جو خدا تعالیٰ کے انعامات ہیں۔ درود شریف کی برکات اور تاثیر کا اس میں زیادہ حصہ ہے۔درود شریف کا ورد کرنے والا نہ صرف ثواب اخروی پاتا ہے بلکہ وہ اس دنیا میں بھی عزت پاتا ہے۔لیکن باوجود اس کے میں کسی ایسے درود کا قائل نہیں کہ جو انسان کو خدا سے بے نیاز کردے اور جس کے ورد کے بعد قضاء و قدر کے احکام خدا تعالیٰ کے ہاتھ میں نہ رہیں بلکہ درود خواں ان پر حاکم ہو جائے۔**اس مقام پر حضور کے کلام میں جوش کے آثار نمایاں ہوگئے اور چہرہ پر سرخی آگئی** اور فرمایا کہ بے شک درود شریف کی بڑی برکات اور تاثیرات ہیں اور اس کی کثرت سے انسان پر برکات نازل ہوتی ہیں اور اس کی برکت سے دعائیں قبول ہوتی ہیں اور اس کے بے شمار فضائل ہیں۔لیکن باوجود اس کے انسان کو خدا تعالیٰ کی بے پروائی اور بے نیازی سے کبھی غافل نہیں ہونا چاہئے۔کبھی ایسا بھی وقت ہوتا تھا کہ جس نبی اکرم ﷺ پر درود بھیج کر لوگ خیر و برکت پاتے ہیں۔خود اسے بھی خدا کے احکام کے آگے تسلیم و رضا کے سوا چارہ نہ تھا۔ **پس درود خوب پڑھو اور کثرت سے پڑھو۔مگر اس بات کو بھی ہمیشہ پیش نظر رکھو اور خدا تعالیٰ کو قادر مطلق اور بے نیاز خدا سمجھو اور تسلیم اور رضا پر ایمان کی بنیاد رکھو۔‘‘**

(مکتوبات بنام حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب حلالپوری منقولہ درود شریف 292-293 سال اشاعت 1934ء)

نہ شَبَم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم
من از آفتاب ہستم ہم از آفتاب گویم

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم چوہدری اعجاز احمد صاحب ڈرگ روڈ کراچی تحریر کرتے ہیں۔

میری اہلیہ مکرمہ نصرت اسلام صاحبہ بعمر 71 سال مورخہ 14 فروری 2008ء کو بعارضہ قلب وفات پا گئیں۔ آپ کی نماز جنازہ بیت المبارک ڈرگ روڈ کراچی میں محترم نواب مودود احمد خان صاحب امیر ضلع کراچی نے پڑھائی۔ بوجہ موصیہ ہونے کے میت ربوہ لائی گئی مورخہ 16 فروری کو بیت المبارک ربوہ میں محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ نے نماز جنازہ پڑھائی بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد میرے بڑے بھائی محترم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول تحریک جدید نے دعا کروائی۔ مرحومہ عبادت گزار دعا گو اور دین کی خدمت کا شوق رکھنے والی نیک دل خاتون تھیں۔ PAF سرگودھا، ماڑی پور اور اورنگی ٹاؤن کراچی میں اپنے حلقہ میں لجنہ اماء اللہ کی صدارت کی خدمت سرانجام دینے کی توفیق پائی۔ غرباء سے بے حد محبت کرتی تھیں۔ آپ کو خدا تعالیٰ نے تین بیٹے مکرم وحید احمد صاحب، مکرم اعزاز احمد صاحب، مکرم حفیظ احمد صاحب نیز دو بیٹیاں مکرمہ زینت الاسلام صاحبہ اور مکرمہ خزینۃ الاسلام صاحبہ سے نوازا۔ آپ کے ایک داماد مکرم مبشر احمد ظفر صاحب واقف زندگی لندن ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

نکاح

مکرمہ امۃ الرشید سیال صاحبہ جنرل سیکرٹری لجنہ حلقہ بیت التوحید لاہور تحریر کرتی ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ ثناء منیر سیال صاحبہ بنت مکرم منیر الدین سیال صاحب سابق قائد مجلس خدام الاحمدیہ ضلع وہاڑی کے نکاح کا اعلان مکرم محمد عاصم صاحب ابن مکرم محمد حفیظ اللہ صاحب دارالعلوم غربی ربوہ کے ساتھ مبلغ دو لاکھ روپے حق مہر پر مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے مورخہ 21 اکتوبر 2007ء کو بعد نماز عصر بیت المبارک ربوہ میں کیا۔ مکرمہ ثناء منیر سیال صاحبہ مکرم ماسٹر شمس الدین سیال صاحب سابق ناظم انصاراللہ ضلع وہاڑی اور محترمہ امۃ الحمید بیگم صاحبہ مرحومہ سابق صدر لجنہ بورے والا کی پوتی اور مکرم بشیر احمد منیر سیال صاحب مرحوم سابق انسپکٹر اصلاح وارشاد اور محترمہ امۃ اللطیف سیال صاحبہ مرحومہ سابق سیکرٹری مال لجنہ اماء اللہ دارالرحمت غربی ربوہ کی نواسی ہیں۔مکرم محمد عاصم صاحب مکرم راجہ زین العابدین صاحب مڈھ رانجھا کے پوتے اور مکرم عبیدالرحمٰن ارشد صاحب لاہور کے نواسے ہیں ۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دونوں خاندانوں کیلئے باعث برکت اور موجب سکون بنائے۔آمین

ولادت

مکرم کلیم احمد صاحب کارکن طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 20 فروری 2008ء کو خاکسار کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔نومولود وقف نو میں شامل ہے۔سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت علیم احمد نام عطا فرمایا ہے نومولود مکرم چوہدری محمد اکرم صاحب دارالیمن ربوہ کا پوتا اور مکرم عبدالسلام صاحب نصیر آباد ربوہ کا نواسہ ہے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو خادم دین اور نظام خلافت کا اطاعت شعار بنائے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم کریم ظفر ملک صاحب

انفاق فی سبیل اللہ کی حقیقت اور جماعت احمدیہ

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''ہر ایک شخص جو اپنے تئیں بیعت شدوں میں داخل کرتا ہے اس کے لیے اب وقت ہے کہ اپنے مال سے بھی اس سلسلہ کی خدمت کرے۔ جو شخص ایک پیسہ کی حیثیت رکھتا ہے وہ سلسلہ کی مصارف کے لیے ماہ بہ ماہ ایک پیسہ دیوے اور جو شخص ایک روپیہ ماہوار دے سکتا ہے وہ ایک روپیہ ماہوار ادا کرے...... ہر ایک بیعت کنندہ کو بقدرِ وسعت مدد دینی چاہیے تا خدا تعالیٰ بھی انہیں مدد دے......عزیزو یہ دین کے لیے اور دین کے اغراض کے لیے خدمت کا وقت ہے۔ اس وقت کو غنیمت سمجھو کہ پھر کبھی ہاتھ نہیں آئے گا۔''

(کشتی نوح روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 83)

اس کے علاوہ آپ نے تقسیم دولت کے نظریے کو عمدہ، مناسب اور اعلیٰ طریق پر لانے کیلئے نظام الوصیت کو جاری فرمایا۔ اس نظام کے تحت ہر وصیت کنندہ کو اپنی آمد اور جائیداد کا کم از کم 1/10 حصہ اور زیادہ سے زیادہ 1/3 حصہ اشاعت دین کے لیے دینا لازمی ہے۔ نیز جز وقتی تحریکات جو آپ کی طرف سے اور آپ کے خلفائے کرام کی طرف سے ہوئیں اور آئندہ بھی ہوتی رہیں گی ہمارے مالی نظام کا حصہ ہیں اور حصہ بنتی رہیں گی۔ انشاء اللہ۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو اس نظام کو مضبوط کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں صدق دل سے خرچ کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ایسے ہی لوگوں کے بارہ میں فرمایا ہے کہ میرے مخلص بندے میرے دیئے ہوئے رزق سے گن گن کر نہیں بلکہ بے دریغ خرچ کرتے ہیں۔

حضرت نبی کریم ﷺ نے ایک دفعہ حضرت اسماءؓ بنت ابوبکر کو نصیحت فرمائی کہ اللہ کی راہ میں گن گن کر خرچ نہ کیا کرو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تمہیں گن گن کر ہی دے گا۔ اپنی روپوؤں کی تھیلی کا منہ (بخل سے) بند کر کے نہ بیٹھ جانا ورنہ پھر اس کا منہ بند ہی رکھا جائے گا (یعنی اگر کوئی روپیہ اس سے نکلے گا نہیں تو آئے گا کہاں سے؟) جتنی طاقت ہے دل کھول کر خرچ کیا کرو۔ (بخاری)

اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں متقیوں کی جو علامات بیان فرمائی ہیں اُن میں نماز اور انفاق فی سبیل اللہ کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ فرمایا:۔

حقیقی اور کامل متقیوں کی علامت یہ ہے کہ وہ نماز بھی پڑھتے ہیں اور خداداد رزق سے خرچ بھی کرتے ہیں۔ (البقرۃ:4) نماز جماعت کا تقاضا کرتی ہے جبکہ انفاق فی سبیل اللہ نظامِ جماعت کے قیام کے لیے مالی سرمایہ فراہم کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ نظام جماعت کے اہتمام و انصرام کیلئے مالی قربانی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ کوئی بھی تحریک دینی ہو یا دنیوی مالی قربانی کے بغیر چل نہیں سکتی۔ یہ بات عیاں ہے کہ جماعت کے افراد کی شیرازہ بندی کیلئے مالی قربانی بہت ہی اہم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے انفاق فی سبیل اللہ کو مومنین محسنین، متقیوں اور نیکوکاروں کے اوصاف میں گردانا ہے۔ جبکہ ادا نہ کرنے والوں کو مشرکین اور منافقین کے زمرہ میں داخل بتایا ہے۔ یہی ایمان کی کسوٹی اور اخلاص کی برہان ہے جیسا کہ حدیث میں وارد ہے اَلصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ کہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنا برہان ہے۔

قرآن کریم سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تقاضائے وقت کے تحت مختلف پیرایوں میں مومنین کو انفاق فی سبیل اللہ کی تحریک دہرائی ہے۔ قرآن حکیم کو بغور دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز اور زکوٰۃ کے درمیان گہرا ربط ہے۔ دونوں ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں۔ اسی وجہ سے قرآن حکیم میں بیس مقامات پر ان دونوں کا اتصال ہے۔ جہاں نماز کا ذکر ہے وہاں ادائیگی زکوٰۃ کا بھی اعادہ ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ تمہیں نماز ادا کرنے اور زکوٰۃ دینے کا حکم دیا گیا ہے۔ پس جو زکوٰۃ ادا نہیں کرتا اُس کی نماز ہی نہیں ہوتی۔

نماز اور انفاق فی سبیل اللہ کے باہمی ارتباط یعنی اکٹھا بیان کرنے میں یہ راز بھی پنہاں ہے کہ دین حق کی تنظیمی زندگی دو بنیادوں پر قائم ہے۔ ایک روحانی یعنی نماز باجماعت کا ادا کرنا۔ دوسرا مادی یعنی انفاق فی سبیل اللہ۔ اِن دونوں کی انفرادی حیثیت بھی ہے۔ مثلاً نماز جماعت اور بیت کے بغیر بھی ادا ہوسکتی ہے لیکن اپنی فرضیت کے بعض مقاصد سے دور ہو جاتی ہے۔ اسی طرح زکوٰۃ بیت المال کے بغیر بھی ادا کی جاسکتی ہے لیکن اس کے وسیع تر مفاد فوت ہو جاتے ہیں اور اس طرح نظام کے درہم برہم ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ چنانچہ یہی وجہ تھی کہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں جب بعض قبیلوں نے یہ کہا کہ وہ زکوٰۃ بیت المال میں جمع نہیں کرائیں گے بلکہ خود تقسیم کریں گے تو آپؓ نے ان کی یہ تجویز قبول نہیں کی بلکہ بزور طاقت اُن کو بیت المال میں زکوٰۃ داخل کرنے پر مجبور کیا۔ اگر وہ اُن کو اجازت دیتے تو خلافت اور جماعت کا سارا نظام پارہ پارہ ہو جاتا۔

بیت المال کی ضرورت و اہمیت

دین کا منتہائے مقصود خدا کی بندگی کے ساتھ ساتھ مخلوق خدا کی ہمدردی اور غمگساری بھی ہے جس کو مذہب کی اصطلاح میں حقوق اللہ اور حقوق العباد کے ناموں سے جانا جاتا ہے۔ ایک مومن جہاں خدا کے حضور عاجزانہ طور نماز ادا کرنے کے لیے کھڑا ہو جاتا ہے وہاں اُس کو اپنے غریب بے سہارا، مظلوم و مقہور، بیوگان اور یتامیٰ کی دستگیری، چارہ گری، خبرگیری اور امداد کے لیے ہمہ وقت کمربستہ رہنا چاہیے۔ یہی سنت ہے ہمارے آقا رسول اللہ ﷺ کی۔ آپؐ بعثت سے پہلے جدھر غار حرا میں چھپ کر یادِ خدا میں محو رہتے تھے اُدھر بیکس و لاچار انسانوں کی دستگیری بھی فرمایا کرتے تھے۔ چنانچہ بعثت کے وقت حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ نے آپ کو اطمینان دلاتے ہوئے کہا کہ خدا کی قسم وہ آپؐ کو کبھی ضائع نہیں کرے گا کیوں کہ آپ قرابت داروں کا حق ادا کرتے ہیں، قرض داروں کا قرض ادا کرتے ہیں، غریبوں اور بے سہاروں کی مدد کرتے ہیں، مہمانوں کی مہمانی کرتے اور حق بات کی تائید کرتے ہیں۔

پس آج بھی یہی چیز ہماری کامیابی اور نجات کے لیے ضمانت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں حسب استطاعت پورے شرح و بسط کے ساتھ خرچ کریں۔ ایسے ہی لوگوں کو اللہ تعالیٰ ضائع نہیں کرتا۔ غرض زکوٰۃ اور مالی خیرات کسی نہ کسی رنگ میں ابتداء سے ہی جاری ہے سیدنا حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ خدائی احکامات اپنے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کو سناتے رہے اور صحابہ کرام نے بھی وفا کا ایسا نمونہ دکھایا جو رہتی دنیا تک ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ ایسے بھی بعض صحابہؓ تھے جو نان شبینہ کے محتاج گزرے ہیں لیکن انہوں نے آنحضور ﷺ سے اس رنگ میں وفا کی کہ بازاروں میں جا جا کر بوجھ اٹھایا اور جو کچھ میسر آیا سارے کا سارا آپ کے قدموں میں لا ڈالا۔ آنحضرت ﷺ کی پکار سے جب سرزمین عرب گونج اٹھی تو سعید روحیں آگے بڑھیں۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا آگے بڑھیں، حضرت ابوبکر صدیق آگے بڑھے، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ اور حضرت علی رضی اللہ عنہم آگے بڑھے، حضرت زید بن حارثہ آگے بڑھے، حضرت بلال، صہیب رومی، خبّاب، عمّار، رضوان اللہ تعالیٰ علیہم آگے بڑھے۔ جنت کے خریداروں کی یہ قطار بہت لمبی ہوگئی اور اب تک اس کی لمبائی بڑھ رہی ہے سچ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے اُن کی جانیں اور اموال جنت کے بدلے میں خریدے ہیں۔ (التوبہ:111)

آنحضور ﷺ کا انفاق فی سبیل اللہ

آنحضرت ﷺ کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ آپؐ نے اسلامی تعلیم کے مطابق اللہ تعالیٰ کی راہ میں بے دریغ اپنے اموال خرچ کرنے کا بہترین نمونہ دیا ہے۔ ہمارے سید و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے اخلاق حضرت عائشہؓ کی روایت کے مطابق عین قرآن شریف کے مطابق تھے اور بلاشبہ آپؐ کی پاکیزہ سیرت انفاق فی سبیل اللہ کے بارہ میں قرآنی تعلیم کی بہترین عکاسی کرتی ہے۔ رسول کریم ﷺ نے تنگی اور فراخی کے دونوں زمانے دیکھے جن میں آپؐ کے اخلاق کھل کر دنیا کے سامنے آئے۔ دونوں زمانوں میں ہی ہمیشہ آپؐ کی کیفیت ایسے مسافر کی سی رہی جو کچھ دیر کسی درخت کے نیچے آرام کرنے اور ستانے کے لیے ٹھہرتا ہے اور پھر اسے چھوڑ کر آگے روانہ ہو جاتا ہے۔ عارضی دنیا اور اس کے اموال سے آپؐ کو چنداں رغبت نہ تھی۔ (بخاری)

نبی کریم ﷺ اپنے اہل خانہ اور صحابہ کی بھی اسی انداز میں تربیت فرماتے تھے۔ ایک دفعہ صحابہؓ کی مجلس میں ان سے مخاطب ہو کر فرمایا تم میں کوئی ایسا بھی ہے جسے (اپنے بعد میں ہونے والے) وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ عزیز اور پیارا ہو۔ صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہؐ! ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جسے اپنا مال زیادہ پیارا نہ ہو۔ آپؐ نے فرمایا تو پھر یاد رکھو تمہارا اصل مال وہی ہے جو خدا کی راہ میں خرچ کر کے آگے بھجوا چکے ہو جو پیچھے باقی رہ گیا وہ وارثوں کا مال ہے۔

(بخاری)

ایک دفعہ نبی کریم ﷺ نے ایک بکری ذبح کروائی اور اس کا گوشت غرباء میں تقسیم کروایا اور بعد میں پوچھا کہ کیا اس گوشت میں سے کچھ باقی بچا ہے۔ گھر والوں نے جواب دیا کہ سارا تقسیم کر دیا گیا ہے۔ اپنے لیے تھوڑا سا بچا ہے۔ فرمایا جو تقسیم کر دیا دراصل وہ بچ گیا ہے۔ (کہ اس کا اجر محفوظ ہوگیا) اور جو بچ گیا ہے سمجھو کہ یہ ضائع ہوگیا۔ (ترمذی)

مدینہ میں رسول اللہؐ کے پاس بحرین سے مال آیا تو فجر کی نماز میں کثرت سے لوگ آئے۔ فرمایا میں تمہارے بارے میں فقر و غربت سے خائف نہیں ہوں بلکہ مجھے اندیشہ یہ ہے کہ دنیا تم پر فراخ کر دی جائے گی پھر تم کہیں پہلی قوموں کی طرح آپس میں مقابلے کرنے نہ لگ جاؤ اور اُن کی طرح تمہارا انجام نہ ہو۔

(بخاری)

مال سے بے رغبتی کے بارہ میں رسول کریم ﷺ کے رجحان اور قلبی کیفیت کا اندازہ اس بیان سے ہوسکتا ہے فرمایا:۔

''اگر میرے پاس اُحد کے برابر بھی سونا آجائے تو مجھے خوشی اس میں ہوگی کہ اس پر تیسرا دن چڑھنے سے پیشتر اللہ کی راہ میں اسے خرچ کر دوں اور ضرورت سے زائد ایک دینار بھی بچا کے نہ رکھوں اور سارا مال خدا کی راہ میں دل کھول کر یوں خرچ کر دوں اور لٹا دوں۔ آپؐ نے دائیں بائیں اور آگے پیچھے ہاتھوں کے اشارے کر کے بتایا۔ پھر فرمایا کہ جو لوگ زیادہ مالدار ہیں قیامت کے دن وہ گھاٹے میں ہوں گے۔

سوائے ان کے جو اس طرح دائیں بائیں آگے اور پیچھے خدا کی راہ میں خرچ کرتے ہیں مگر ایسے لوگ بہت تھوڑے ہیں۔ (بخاری)

رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ میں بھی یہی روح پیدا فرمانا چاہتے تھے۔ آپؐ فرماتے تھے کہ قابل رشک ہے وہ انسان جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا فرمایا اور پھر اس کے برمحل خرچ کرنے کی غیر معمولی توفیق اور ہمت بخشی۔ (بخاری)

صحابہ کرامؓ کی بے مثال قربانیاں

جنت کے ان خریداروں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے۔ آپ تجارت کرتے تھے۔ جب مسلمان ہوئے تو اس وقت اُن کے پاس چالیس ہزار درہم تھے جو اس زمانے میں بہت بڑی رقم تھی لیکن مسلمان ہوئے تو یہ ساری رقم اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کردی اور بعد میں تاحین حیات سب سے زیادہ قربانیاں کرنے والے تھے۔

ایک جنگ کے موقعہ پر سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے مالی قربانی کی تحریک فرمائی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنے گھر کا سارا مال لے کر حاضر ہوگئے۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ ابوبکر گھر میں بھی کچھ چھوڑ آئے ہو تو انہوں نے عرض کی یارسول اللہ گھر میں اللہ اور اللہ کے رسول کی محبت کے سوا کچھ نہیں چھوڑ کر آیا یعنی سارا مال محبت الٰہی اور محبت رسول کی وجہ سے حاضر خدمت کردیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اخلاص میں ان سے کم نہ تھے۔ انہوں نے یہ خیال کیا کہ آج قربانی کے معاملہ میں ابوبکر سے بازی لے جاؤں گا۔ وہ اپنے گھر کا نصف مال ومتاع لے کر حاضر ہوئے اور خدمت رسول ﷺ میں پیش کردیا مگر بعد میں ان کو معلوم ہوا کہ آج بھی ابوبکر ان پر بازی لے گئے ہیں۔ یہ وہ روح تھی خدا کی راہ میں قربانی کرنے کی جو حضرت محمد ﷺ نے اپنے صحابہ میں پیدا کردی تھی۔

غریب صحابہؓ کا یہ حال تھا کہ ایک صحابی ایک یہودی کے کنویں پر پانی نکال نکال کر اس کی کھیتی کو رات بھر سیراب کرتے رہے۔ اس نے اجرت میں جو کھجوریں دیں وہ لا کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کردیں اور اس مالی قربانی کے ذریعہ رضاء الٰہی حاصل کرنے کی کوشش کی۔

مفسرین حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضورؐ نے فرمایا جب آیت (یعنی ہے کوئی جو اللہ تعالیٰ کو قرضِ حسنہ دے اور اللہ تعالیٰ اس کو واپس بڑھا چڑھا کر دے) (البقرہ:246) نازل ہوئی تو حضرت ابوالدحداح انصاری نے کہا یارسول اللہ ﷺ کیا اللہ تعالیٰ ہم سے قرض طلب فرماتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں اے ابوالدحداح انہوں نے واپس کہا یارسول اللہ اپنا ہاتھ دیجئے۔ چنانچہ انہوں نے آنحضور ﷺ کے دستِ مبارک کو ہاتھ میں لے کر عرض کیا حضور! میں نے اپنا باغ اللہ تعالیٰ کو قرض دیا۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ باغ میں چھ صد درختان کھجور تھے اور اُن کے بیوی بچے اُسی باغ میں رہائش پذیر تھے۔ وہ سیدھے باغ میں آئے اور آواز دی اے دحداح کی ماں! اُس نے جواباً لبیک کہا۔ انہوں نے کہا بچوں کو لے کر باغ سے نکل آؤ کیونکہ میں نے یہ باغ اللہ تعالیٰ کو قرض دے دیا ہے۔ یعنی راہِ خدا میں صرف کیا ہے۔

(بحوالہ اسلام اور معاشی نظام)

سبحان اللہ! کیا شان تھی اصحاب رسول ﷺ کی۔ صحابہ کرام کی یہ دلکش ادائیں ایمانوں کو تازگی اور دلوں کو گرما دینے والی ہیں۔ دیکھیں ایک طرف وہ ارشادِ الٰہی وَرَبَّکَ فَکَبِّر کے تحت اپنے پروردگار کی بڑائی کرتے نہ تھکتے تھے تو دوسری طرف خرچ کرنے کے راہِ خدا میں نرالے طور طریق انہوں نے اپنا لیے تھے۔

حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ اپنے باغ میں نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک خوبصورت چڑیا نے سامنے آکر چہچہانا شروع کیا۔ حضرت ابوطلحہ دیر تک اِدھر اُدھر دیکھتے رہے۔ پھر جب نماز کا خیال آیا تو رکعت یاد نہ رہی۔ دل نے کہا کہ اس باغ نے فتنہ برپا کیا ہے۔ یہ سوچ کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام واقعہ بیان کیا اور عرض کی کہ یارسول اللہ ﷺ یہ باغ میں اللہ تعالیٰ کے راستے میں نذر کرتا ہوں۔ اس طرح انہوں نے اپنا باغ فی سبیل اللہ خرچ کیا۔

نظام بیت المال کا قیام

یہ 8ھ کی بات ہے کہ فتح مکہ کے ساتھ ہی تمام عرب مسلمان شیرازہ بند ہوگئے اور الٰہی نظام کے لیے راستہ ہموار ہوگیا۔ ایسے وقت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب بندے سیدنا ومولانا حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا یعنی اے میرے محبوب ﷺ اُن کے اموال میں سے صدقہ (زکوٰۃ) وصول کرتا کہ اس طرح تو انہیں پاک کرے گا اور ان کا تزکیہ کرے گا۔ (التوبہ:103)

چنانچہ اگلے سال محرم 9ھ کو زکوٰۃ کے تمام قواعد وضوابط مرتب ہوئے اور تمام عرب میں محصلین اور عاملین مقرر کیے گئے۔ اس طرح باقاعدہ ایک بیت المال کی صورت پیدا ہوئی۔ بیت المال بننے کے بعد تمام اقسام خیرات جن میں زکوٰۃ، صدقات، عُشر نیز دیگر جز وقتی تحریکات کی رقوم سب بیت المال میں جمع ہوتے رہے اور منتظمین بیت المال اُن اموال کو حسب مشورہ حاکم یا امیر کمزوروں، ضرورت مندوں، یتامیٰ، غرباء، مفلسین، محصلین، عاملین، شیرازہ بندی کے قیام اور اُس کے اصولوں کی آبیاری کے لیے تعمیر وترقی کے لیے اور دیگر علمی وتعلیمی ضروریات کی بجاآوری کے لیے خرچ کیے جاتے رہے۔

چنانچہ اس سلسلے میں آنحضرت ﷺ کا طریق مبارک حدیث ھذا سے واضح ہے کہ آپ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجتے وقت یہ فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے صدقہ یعنی زکوٰۃ فرض کیا ہے جو دولتمندوں سے لے کر فقراء ومساکین کو دیا جاتا ہے۔ پس تم دولت مندوں کو اس کے ادا کرنے کا حکم دینا۔''

ایک دفعہ ڈاکٹر عبدالحکیم خان مرتد نے جماعت احمدیہ پر اعتراضات کیے اور کہا کہ جماعت میں صرف مولوی نورالدین ہی ہیں جو علمی آدمی ہیں۔ تو اُس کے جواب میں حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

''آج کہتے ہیں کہ صرف ایک حکیم مولوی نورالدین صاحب اس جماعت میں عملی رنگ اپنے اندر رکھتے ہیں۔ دوسرے ایسے ہیں، ایسے ہیں۔ میں نہیں جانتا کہ آپ اس افترا کا کیا خدا تعالیٰ کو جواب دیں گے۔ میں حلفاً کہہ سکتا ہوں کہ کم از کم ایک لاکھ آدمی میری جماعت میں ایسے ہیں کہ سچے دل سے میرے پر ایمان لاتے ہیں اور اعمال صالحہ بجالاتے ہیں...... میں دیکھتا ہوں کہ میری جماعت نے جس قدر نیکی اور صلاحیت میں ترقی کی ہے یہ بھی ایک معجزہ ہے۔ ہزار ہا آدمی دل سے فدا ہیں۔ اگر آج اُن کو کہا جائے کہ اپنے تمام اموال سے دست بردار ہو جاؤ تو وہ دست بردار ہو جانے کے لیے مستعد ہیں۔''

(سیرۃ المہدی)

آج ہم واشگاف الفاظ میں اور دل کی اتھاہ گہرائیوں سے اس بات کا اعلان کرتے ہیں کہ اے صادق مسیح زمان! خدا کی قسم آپ نے جو کہا ہے سچ کہا ہے۔ لیکن آج ہزاروں کی بات نہیں لاکھوں کی بات نہیں بلکہ آج کروڑوں احمدی نہ صرف اموال سے بلکہ آپ کی خاطر اپنی جانوں سے بھی دست بردار ہونے کو تیار بیٹھے ہیں۔ حضرت مولانا حکیم نورالدین کی بات آئی تو آپ نے حضور کی خدمت میں لکھا:۔

''اگر اجازت ہو تو میں نوکری سے استعفیٰ دے دوں اور دن رات خدمت میں پڑا رہوں۔ اگر حکم ہو اس تعلق کو چھوڑ کر دنیا میں پھروں اور لوگوں کو دین حق کی طرف بلاؤں اور اس راہ میں جان دے دوں۔ میں آپ کی راہ میں قربان ہوں۔ میرا جو کچھ ہے میرا نہیں آپ کا ہے۔ حضرت پیرومرشد میں کمال راستی سے عرض کرتا ہوں کہ میرا سارا مال و دولت اگر دینی اشاعت میں خرچ ہو جائے تو میں مراد کو پہنچ گیا۔ مجھے آپ سے نسبت فاروقی ہے اور سب کچھ اس راہ میں فدا کرنے کے لیے تیار ہوں۔ (فتح اسلام)

حضرت مسیح موعود نے جب منارۃ المسیح کی تعمیر کے لیے چندہ کی تحریک فرمائی تو حضرت منشی شادی خان صاحب نے چارپائیوں کے سوا گھر کا تمام سامان فروخت کر کے تین سو روپیہ حضور کی خدمت میں پیش کردیا۔ اس پر حضور نے اظہار خوشنودی کے ساتھ فرمایا کہ منشی صاحب نے بھی سوائے اللہ کے گھر کچھ بھی نہیں چھوڑا۔ منشی صاحب نے یہ سنا تو اُسی وقت گھر کی چارپائیاں بھی فروخت کردیں اور رقم لا کر حضور کی خدمت میں پیش کردی۔

حضرت مسیح موعود مخلصین جماعت کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''میں بار بار کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرو۔ یہ خدا تعالیٰ کے حکم سے ہے کیونکہ (۔) اس وقت تنزل کی حالت میں ہے۔ بیرونی اور اندرونی کمزوریوں کو دیکھ کر طبیعت بے قرار ہوجاتی ہے اور (۔) دوسرے مخالف مذاہب کا شکار بن رہا ہے...... تو کیا اب (۔) کی ترقی کے لیے ہم قدم نہ اٹھائیں؟ خدا تعالیٰ نے اسی غرض کے لیے تو اس سلسلہ کو قائم کیا ہے۔ پس اس کی ترقی کے لیے سعی کرنا یہ اللہ تعالیٰ کے حکم اور منشا کی تعمیل ہے اس لیے اس راہ میں جو خرچ کرو گے وہ سمیع وبصیر ہے۔

یہ وعدے بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں کہ جو شخص خدا تعالیٰ کے لیے دے گا میں اس کو چندگنا برکت دوں گا۔ دنیا ہی میں اسے بہت کچھ ملے گا اور مرنے کے بعد آخرت کی جزا بھی دیکھ لے گا کہ کس قدر آرام میسر آتا ہے۔ غرض اس وقت میں اس امر کی طرف...... کو توجہ دلاتا ہوں کہ (۔) کی ترقی کے لیے اب مالوں کو خرچ کرو۔''

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع 9رجون 1995ء کے خطبہ میں ارشاد فرماتے ہیں:۔

''اگر غریب دو کوڑی بھی اخلاص سے دے رہا ہے اور قاعدے اور قانون کے مطابق دے رہا ہے تو وہ عزت کے لائق ہے۔''

حضرت ابوہریرہؓ کی زبان سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا ایک درہم ایک لاکھ درہم سے بڑھ گیا۔ ایک شخص نے عرض کی کہ اے خدا کے رسول! وہ کیسے؟ آپ نے فرمایا ایک نہایت مالدار شخص اپنے مال میں سے ایک لاکھ درہم لے اور صدقہ کردے اور دوسرا شخص جس کے پاس کل دو درہم ہیں وہ اپنے مال میں سے ایک درہم صدقہ کردے تو قلیل المال شخص کا یہ ایک درہم کثیر المال شخص کے ایک لاکھ درہم سے اللہ کے نزدیک ثواب میں کہیں بڑھ کر ہوگا۔ (نسائی)

پس جو شخص اخلاص اور حسن نیت کے ساتھ حسب استطاعت اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرتا ہے چاہے ایک روپیہ ہی کیوں نہ ہو وہ اس کے ہاں عزت کے قابل ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل واحسان ہے کہ آج دنیا بھر میں احمدی لوگ غریب ہوں یا امیر صدقِ دل سے خدا کے راستے میں خرچ کرنے کی توفیق پا رہے ہیں۔ بعض احمدیوں کے اخلاص کو دیکھ کر انسان حیران رہ جاتا ہے کہ حضرت مسیح موعود کے یہ عاشق کس طرح دیوانہ وار چندوں کی ادائیگی میں کوشاں ہیں اور کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع 4رنومبر 1994ء کے خطبہ جمعہ میں فرماتے ہیں:۔

''قربانیوں کے بہت ہی عظیم الشان مواقع اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔ بعض غریب ایسے بھی ہیں جنہوں نے جن کے پاس ایک ذریعہ بائیسکل کا تھا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کے لیے، وہ انہوں نے محض اپنا چندہ

پورا کرنے کی خاطر جو توفیق سے بڑھ کر لکھ دیا تھا، بیچ دیا اور اُس کے نتیجے میں جو کچھ حاصل ہوا وہ جماعت کو پیش کیا اور خدا کے حضور سرخرو ٹھہرے۔ پس ایسے لوگوں سے خدا کا یہ بھی وعدہ ہے کہ میں دنیاوی اموال میں بھی تمہیں ترقی دوں گا۔‘‘

جلسہ سالانہ جرمنی منعقدہ 1994ء کے دوسرے روز حضور نے ممباسہ افریقہ کی ایک نومبائع خاتون کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جب اُن سے چندہ مانگا گیا تو انہوں نے کہا کہ میرے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔ ہاں میں ٹماٹر کی کھیتی کرتی ہوں وہ لے لو۔ چنانچہ ایک روز کے ٹماٹر اس خاتون نے پچاس شلنگ میں بیچے اور چندہ ادا کر دیا۔‘‘ اس قسم کی سینکڑوں مثالیں موجود ہیں۔ بھلا ایسی قوم کو کوئی تباہ کر سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ کبھی نہیں۔

تاریخ کی ورق گردانی سے یہ بات واضح ہے کہ انفاق فی سبیل اللہ کا یہ سلسلہ ہر دور میں جاری رہا ہے۔ تقاضائے وقت کے تحت مخلصین جماعت نے حضرت مسیح موعود اور خلفائے کرام کی پکار پر ہمیشہ لبیک کہا ہے اور نہایت درجہ اعلیٰ و عمدہ نمونے کا مظاہرہ کیا ہے۔ ایک سچے اور مخلص احمدی کے نزدیک خدا اور خدا کے مامورین کی خوشنودی اپنے خزانوں، سونے چاندی اور دنیاوی زندگی کی ہر متاعِ گراں بہا سے زیادہ محبوب اور پسندیدہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج ہر احمدی نہ صرف اپنے اموال بلکہ اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ اس راہ میں دینے کو تیار بیٹھا ہے۔ افرادِ جماعت کی کوششیں انتھک ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے زمانے میں جب جماعت کا بجٹ ہزاروں کی حدود کو پھاند کر لاکھوں تک پہنچ گیا تو مخالفین احمدیت انگشت بدنداں رہے۔ چنانچہ مخالف احمدیت مولوی سید محمد علی صاحب مونگھیری بانی ندوۃ العلماء نے لکھا:۔

’’اُن کی سعی اور کوشش اس قدر انتھک اور منظّم ہے جس کو دیکھ کر ایک مسلمان کا دل لرز جاتا ہے...... ان کے پاس کوئی بنک نہیں۔ کوئی ریاست نہیں۔ صرف ایک بات ہے کہ مرزا (مراد حضرت مسیح موعود) نے کہہ دیا کہ ہر مرید حسب استطاعت ماہانہ مذہب کی اشاعت کے لیے کچھ دے......اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کے پاس بیت المال میں لاکھوں روپیہ جمع ہو گیا۔ اُن کا ہر مرید اپنی آمدنی کا کم از کم دسواں حصہ دیتا ہے اور بعض تو تہائی اور چوتھائی قادیان بھیجتے رہتے ہیں۔‘‘

(کمالات محمدیہ صفحہ 275)

آج لاکھوں کی بات نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جماعت کا سالانہ بجٹ کروڑوں میں داخل ہو چکا ہے اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 11/ اگست 1998ء کے درس قرآن میں فرمایا:۔

’’جماعت احمدیہ کی خدا کے فضل سے اب ایک مضبوط درخت کی سی حالت ہے۔ وہ دن گزر گئے جب کچلے جانے کا امکان تھا۔ بظاہر دشمن کو مٹانے کی مقدرت حاصل تھی لیکن کچھ نہ کر سکے۔‘‘

25/اگست 1995ء کے خطبہ جمعہ میں افرادِ جماعت کو مالی قربانیوں کی تحریک کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

’’وقت تھوڑا ہے۔ آج قربانیاں کر لو ورنہ کل وہ دن ضرور آئے گا جب تمہیں غلبہ عطا ہو گا۔ پھر اس وقت کو یاد کرو گے اور یہ وقت دوبارہ نہیں آئے گا۔ کیونکہ خدا کی طرف سے جو غلبہ آئے گا وہ میراث کے طور پر آئے گا۔ وہ ایسا غلبہ ہو گا جو تمہاری جائیداد بن جائے گا۔ اس وقت جو قربانیاں کرو گے اُن کا بھی خدا اجر عطا کرے گا۔

حضور انور نے کیا خوب فرمایا:۔

’’کیا جماعت احمدیہ اپنے رب پر حسن ظن نہ رکھے کہ خدا اُس کی طرف دوڑتا ہوا چلا آئے اور آئندہ صدیاں یہی نظارہ دیکھنا چاہتی ہیں کہ جب خدا جماعت کی طرف دوڑتا ہوا چلا آ رہا ہو۔ جب اللہ دوڑ کر آئے گا۔ تو دنیا کی کیا مجال کہ جماعت احمدیہ کو نظرانداز کرے۔ جس طرف خدا دوڑتا ہوا جائے گا ساری کائنات اسی طرف دوڑے گی۔ تمام دنیا کے دل اُس طرف مائل کیے جائیں گے۔ ایک آندھی چل پڑے گی جماعت احمدیہ کے حق میں اور اُس کی تائید میں کیوں کہ آسمان سے اللہ کی توجہ اس طرف ہو گی۔‘‘

(خطبہ جمعہ 10/جولائی 1998ء روزنامہ الفضل 14 ستمبر 1998ء)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 7/نومبر 2003ء کو بیت الفضل لندن میں تحریک جدید کے سال نو کا آغاز کرتے ہوئے سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 262 کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا ’’اللہ تعالیٰ اس آیت میں لوگوں کی مثال دے رہا ہے لیکن اس سے مراد مومن ہیں۔ ایسے ایمان لانے والے جو اللہ کے دین کی خاطر خرچ کرتے ہیں(۔) فی زمانہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے لوگوں سے مراد آپ لوگ ہی ہیں جو اس زمانے کے امام کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اپنے بہترین مال خوش دلی سے اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ ایسے نیک نیت لوگوں کو خوشخبری دیتا ہے کہ اے لوگو! تم جو میری راہ میں خرچ کرتے ہو میں تمہیں بغیر اجر کے نہیں چھوڑوں گا بلکہ طاقت رکھتا ہوں کہ تمہاری اس قربانی کو سات سو گنا تک بلکہ اس سے بھی زیادہ کر سکتا ہوں اور یاد رکھو کہ جیسے جیسے تم اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لیے اپنا دل کھولتے جاؤ گے اللہ تعالیٰ تمہیں وسعت بھی دیتا چلا جائے گا۔ تم اس دنیا میں بھی اس کے فضلوں کے وارث ٹھہرو گے اور یہ اجر صرف یہیں ٹھہر نہیں جائے گا بلکہ اگلے جہان میں بھی اجر پاؤ گے اور پھر تمہاری نسلوں کو بھی اس کا اجر ملتا رہے گا۔ اب دیکھیں ہم میں سے بہت سے ایسے ہیں جن کی کشائش، مالی وسعت ان کے بزرگوں کی قربانیوں کے نتیجہ میں ہے۔ یہ احساس ہمیں اپنے اندر ہمیشہ قائم رکھنا چاہیے، اجاگر کرتے رہنا چاہیے اور اس لحاظ سے بھی بزرگوں کے لیے دعائیں کرنی چاہئیں اور آئندہ نسلوں کو بھی یہ احساس دلانا چاہئے کہ بزرگوں کی قربانی کے نتیجہ میں ہمارے اوپر اللہ تعالیٰ نے بہت سارے فضل فرمائے ہیں۔‘‘

(خطباتِ مسرور جلد اول صفحہ 452-451)

مورخہ 7/جنوری 2005ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے مالی قربانی کے سلسلہ میں سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 266 کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا:

’’جو لوگ چندہ دینے والے ہیں، صدقہ دینے والے ہیں ان کا اصل مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا چاہنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے دین کی خاطر جو کچھ بھی تم خرچ کرو گے اور اس کی مخلوق کی خاطر جو کچھ بھی خرچ کرو گے وہ یقیناً اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کا باعث بنے گا۔ اس سے دین کو بھی مضبوطی حاصل ہو گی اور تمہارے دینی بھائیوں کو بھی مضبوطی حاصل ہو گی۔ پھر ایسے لوگوں کی مثال بیان کرتے ہوئے فرماتا ہے کہ جو لوگ اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اس سرسبز باغ کی طرح ہیں جو اونچی جگہ پر واقع ہو جہاں انہیں تیز بارش یا پانی کی زیادتی بھی فائدہ دیتی ہے۔ نچلی زمینوں کی طرح اس طرح نہیں ہوتا کہ بارشوں میں فصلیں ڈوب جائیں یا باغ ڈوب جائیں۔ یہ خراب نہیں ہو جاتے بلکہ وہ ایسے سیلابوں سے محفوظ رہتے ہیں اور زائد پانی نیچے بہہ جاتا ہے اور باغ پھلوں سے لدا رہتا ہے، اس کو نقصان نہیں پہنچتا۔ جو لوگ زمیندار ہیں زمیندارہ جانتے ہیں ان کو پتہ ہے کہ اگر پانی میں درخت زیادہ دیر کھڑا رہے تو جڑیں گلنی شروع ہو جاتی ہیں، تنے گل جاتے ہیں اور پودے مر جاتے ہیں اور اسی طرح جو زمینیں پانی روکنے والی ہیں ان میں بھی یہی حال ہوتا ہے۔ تو بہرحال اس جذبہ قربانی کی وجہ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث ٹھہرو گے۔ یہ بڑھ چڑھ کر قربانی کرنے کا جذبہ پھر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی وجہ سے اور زیادہ پھل لانے کا، تمہارے اموال و نفوس میں برکت کا باعث بنتا ہے۔ اگر کبھی حالات موافق نہ بھی ہوں، بارشیں نہ بھی ہوں، تو بھی۔ اگر زیادہ بارشیں تو بھی نقصان دہ ہوتی ہیں اور کم بارشیں ہوں تو بھی نقصان دہ ہوتی ہیں۔ لیکن ایک اچھی زرخیز زمین پر جو محفوظ زمین ہو، زیادہ بارشیں نہ بھی ہوں تو تب بھی ان کو ہلکی نمی جو رات کے وقت پہنچتی رہتی ہے یہ بھی فائدہ دیتی ہے۔ تو فرمایا کہ اگر ایسے حالات بہتر نہیں بھی تو تب بھی اللہ تعالیٰ تمہاری اس قربانی کی وجہ سے جو تم اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لیے کر رہے ہو تمہاری تھوڑی کوششوں میں بھی اتنی برکت ڈال دیتا ہے کہ پھلوں کی کوئی کمی نہیں رہتی۔ اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور برکتوں کی کوئی کمی نہیں رہتی۔ تمہارا کسی کام کو تھوڑا سا بھی ہاتھ لگانا اس میں برکت ڈال دیتا ہے کیونکہ تمہاری نیت یہ ہوتی ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنی ہے اس کی خاطر خرچ کرنا ہے۔‘‘

(خطباتِ مسرور جلد سوم صفحہ 2‘3)

☆......☆......☆

مرسلہ: نظارت تعلیم القرآن

واقفین عارضی کے ایمان افروز تاثرات

☆ مکرم صابر علی صاحب چک 96/گ ب صریح لکھتے ہیں ’’خاکسار نے پہلی بار وقف عارضی کی۔ نماز باجماعت کی توفیق ملی۔ خصوصاً ان نمازوں کی جو پہلے جماعت سے رہ جاتی تھیں۔ روزانہ تلاوت قرآن پاک کی توفیق پائی۔ خاکسار نے ارادہ کیا ہے کہ معلم صاحب سے دوبارہ قرآن کریم صحت تلفظ کے ساتھ پڑھوں۔ جماعتی کتب کا مطالعہ کروں اور اپنے علم کو بڑھاؤں۔

☆ مکرم میاں بشیر احمد صاحب مسعود آباد فیصل آباد لکھتے ہیں ’’دوستوں سے گھر گھر جا کر ملاقات کی نماز باجماعت میں حاضری بڑھی۔ کشتی نوح کے درس کے ذریعے دو سگے بھائیوں میں رنجش دور کرائی۔‘‘

☆ مکرم قدرت اللہ شمس صاحب گاڑی کھاتہ حیدر آباد لکھتے ہیں ’’کھانے کا اپنا انتظام کیا۔ قرآن پاک کا پہلا پارہ نصف اول حفظ کرنے کی توفیق پائی۔ قرآن کلاسز لگانے اور کتب سلسلہ کے مطالعہ کی توفیق پائی۔‘‘

☆ مکرم جمیل احمد صاحب 219 گنڈا سنگھ والا لکھتے ہیں ’’نماز باجماعت کی حاضری میں اضافہ ہوا خاکسار کو اپنی تربیت کرنے کا بھی موقع ملا۔‘‘

☆ مکرم محمد سلیم صاحب نمک منڈی راولپنڈی لکھتے ہیں ’’خاکسار کو بیماروں کی عیادت اور جیل جا کر اسیران راہ مولیٰ سے ملنے کا موقعہ ملا۔ اپنا کھانا بھی اجرت پر تیار کروایا۔‘‘

☆ مکرم حفیظ احمد صاحب شکرانی بستی شکرانی بہاولپور لکھتے ہیں ’’وقف عارضی کے دن سے دینی کتب کا مطالعہ شروع کر دیا۔ تہجد کی نماز بھی ادا کی اور کچھ دعائیں بھی یاد کرنی شروع کیں جماعت کے لئے بھی دعائیں کرتا رہا نومبایعین سے ملا۔‘‘

☆ مکرم محمد یوسف گل صاحب کوٹھے والا ملتان لکھتے ہیں ’’خدا کے فضل سے تہجد کی عادت پڑی۔ وقت پر نماز باجماعت ادا کرنے کی بھی عادت ہو گئی۔ تعمیر بیت الذکر میں پانچ ہزار روپے دینے کی توفیق ملی۔ مجھے صبر و حوصلہ، ایک دوسرے سے محبت اور اطمینان قلب نصیب ہوا۔ میرے اندر خدا تعالیٰ نے نرم تبدیلی پیدا فرمائی۔‘‘

☆ مکرم عبدالرحیم خاں بستی رنداں ڈیرہ غازی خاں لکھتے ہیں ’’وقف عارضی سے خاکسار کو باقاعدہ نماز تہجد اور تلاوت قرآن کی توفیق ملی‘‘

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

سوموار 24 مارچ 2008ء

1-30 am خبریں
1-40 am گلشن وقف نو
3-05 am نیشنل اسمبلی کی روداد
3-45 am دورہ حضور انور
4-45 am سیرت النبیؐ
5-15 am تلاوت، درس، خبریں
6-15 am لقاء مع العرب
7-20 am خطبہ جمعہ
8-30 am بلو پلانٹ (The blue planet)
9-25 am دورہ حضور انور ایدہ اللہ
11-00 am تلاوت، درس، خبریں
12-00 pm گلشن وقف نو
1-00 pm فرانسیسی سروس
1-20 pm تقریر
2-00 pm فرانسیسی سروس
3-05 pm انڈونیشین سروس
4-10 pm سیرت حضرت مسیح موعود
5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm بنگلہ سروس
7-00 pm خطبہ جمعہ
8-10 pm گلشن وقف نو
9-10 pm فرانسیسی سروس
10-30 pm لقاء مع العرب
11-30 pm عربی سروس

منگل 25 مارچ 2008ء

12-35 am سیرت حضرت مسیح موعود
1-30 am خبریں
2-05 am تقریر
2-45 am گلشن وقف نو
3-50 am خطبہ جمعہ
5-00 am تلاوت، درس، خبریں
6-05 am فرانسیسی سروس
6-25 am لقاء مع العرب
7-35 am خطبہ جمعہ
8-35 am فرانسیسی سروس
9-35 am تقریر
10-20 am سیرت حضرت مسیح موعود
11-00 am تلاوت، درس، خبریں
12-10 pm گلشن وقف نو
1-10 pm سوال و جواب
2-05 pm گفتگو
3-05 pm انڈونیشین سروس
4-05 pm سندھی سروس
5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm بنگلہ سروس
7-00 pm جلسہ سوئٹزرلینڈ
8-10 pm گلشن وقف نو
9-25 pm سوال و جواب
10-30 pm لقاء مع العرب
11-30 pm عربی سروس

بدھ 26 مارچ 2008ء

12-40 am خبریں
1-30 am گفتگو
2-30 am گلشن وقف نو
3-40 am جلسہ سوئٹزرلینڈ
4-50 am قرطبہ کی تاریخ
5-05 am تلاوت، درس، خبریں
6-05 am عربی سیکھیے
6-30 am لقاء مع العرب
7-55 am گفتگو
8-45 am سوال و جواب
9-50 am جلسہ سوئٹزرلینڈ
11-05 am تلاوت، درس، خبریں
12-10 pm گلشن وقف نو
1-20 pm سیرت حضرت مسیح موعود
1-40 pm سوال و جواب
3-15 pm انڈونیشین سروس
4-15 pm سواحیلی سروس
5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
5-50 pm بنگلہ سروس
6-55 pm خطبہ جمعہ 14 مارچ 1986ء
7-40 pm جلسہ یوکے
8-55 pm گلشن وقف نو
9-55 pm تقسیم اسناد
10-05 pm سیرت حضرت مسیح موعود
10-30 pm لقاء مع العرب
11-30 pm عربی سروس

جمعرات 27 مارچ 2008ء

12-30 am سوال و جواب
2-00 am خبریں
2-40 am گلشن وقف نو
3-40 am جلسہ یوکے
4-15 am خطبہ جمعہ
5-00 am تلاوت، درس، خبریں
6-05 am لقاء مع العرب
7-20 am ہماری کائنات
7-50 am گیمز
8-25 am سیرت حضرت مسیح موعود
8-50 am خطبہ جمعہ
9-35 am تقسیم اسناد
10-25 am جلسہ یوکے
11-00 am تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm گلشن وقف نو
1-00 pm ملاقات
2-10 pm ایم ٹی اے ٹریول
2-35 pm پشتو سروس
2-55 pm انڈونیشین سروس
3-55 pm خطبہ جمعہ
5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm بنگلہ سروس
7-05 pm ترجمۃ القرآن
8-05 pm ملاقات
9-15 pm خطبہ جمعہ
10-25 pm لقاء مع العرب
11-30 pm عربی سروس

مکینیکل کلاک

